A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Roll No. | | | | | | Answer Sheet No. ________

Sig. of Candidate: ____________ Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو سَلِیس ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) جس نظم میں اہلِ بیت کی تعریف کی جائے،اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ حمد ب۔ منقبت

ج۔ نعت د۔ قصیدہ

(ii) بحوالہ شاملِ نصاب " حمد " اللہ کے فیض سے کیا چیز سرسبز ہے؟

الف۔ پتہ پتہ ب۔ بوٹا بوٹا

ج۔ ڈالی ڈالی د۔ کونہ کونہ

(iii) رسولِ اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کس دن غار سے باہر نکلے؟

الف۔ دوسرے دن ب۔ تیسرے دن

ج۔ چوتھے دن د۔ پانچویں دن

(iv) درسی کتاب میں موجود مرزا غالبؔ کا خط کس کے نام لکھا گیا ہے؟

الف۔ میرن صاحب ب۔ میر مہدی

ج۔ میر سرفراز د۔ میر نصیر الدین

(v) ڈپٹی نذیر احمد نے اپنے جس بیٹے کو خط لکھا اس کا نام کیا تھا؟

الف۔ بشیر ب۔ نظیر

ج۔ نصیر د۔ صغیر

(vi) مولوی وحید الدین سلیم کس فن کے ماہر تھے؟

الف۔ مرقع سازی ب۔ اصطلاحات سازی

ج۔ جلد سازی د۔ مرکبات سازی

(vii) مغل بادشاہوں نے جنوبی ایشیا پر تقریباً کتنے سو سال حکومت کی؟

الف۔ تین سو ب۔ چار سو

ج۔ پانچ سو د۔ چھ سو

(viii) سید احمد شہید کا مزار کہاں ہے؟

الف۔ مانسہرہ ب۔ بالاکوٹ

ج۔ سوات د۔ کشمیر

(ix) نظم " حبِ وطن " کس شاعر کی تخلیق ہے؟

الف۔ حالیؔ ب۔ اقبالؔ

ج۔ حفیظؔ د۔ شبلیؔ

(x) مرزا نصیر الملک آخر میں کیا بن گئے؟

الف۔ بادشاہ ب۔ وزیر

ج۔ ولی اللہ د۔ محتاج فقیر

Result.pk

(xi) محمد حسین آزاد نے ایران کے کس موسم کا حال بیان کیا ہے؟

الف۔ سردی　　ب۔ گرمی

ج۔ بہار　　د۔ خزاں

(xii) مولوی نذیر احمد کس زبان کے عالم تھے؟

الف۔ فارسی　　ب۔ عربی

ج۔ انگریزی　　د۔ اُردو

(xiii) مرکب " بدو کی بیوی " میں مضاف الیہ کیا ہے؟

الف۔ بدو　　ب۔ کی

ج۔ بیوی　　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiv) نظم " آسمان اور تارے " میں " سقفِ ایوان " سے کیا مراد ہے؟

الف۔ تارے　　ب۔ آسمان

ج۔ سورج　　د۔ چاند

(xv) علّامہ اقبال کس تعلیم کے شیدائی تھے؟

الف۔ عربی تعلیم　　ب۔ مغربی تعلیم

ج۔ ایرانی تعلیم　　د۔ قرآنی تعلیم

(xvi) سبق " حج اکبر " کون سی صنفِ نثر ہے؟

الف۔ ناول　　ب۔ ڈراما

ج۔ افسانہ　　د۔ داستان

Result.pk

(xvii) رباعی کس بحر میں لکھی جاتی ہے؟

الف۔ بحرِ رمل　　ب۔ بحرِ مثمن

ج۔ بحرِ متقارب　　د۔ بحرِ کامل

(xviii) پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟

الف۔ محمد احمد شاہ　　ب۔ سید احمد شاہ

ج۔ علی احمد شاہ　　د۔ نخی احمد شاہ

(xix) مولانا محمد علی جوہر نے کون سا اخبار جاری کیا تھا؟

الف۔ آکسفورڈ　　ب۔ نورتن

ج۔ کامریڈ　　د۔ زمیندار

(xx) میر معصوم شاہ بکھری کا مزار کہاں واقع ہے؟

الف۔ دکن　　ب۔ گجرات

ج۔ سکھر　　د۔ میر پور خاص

---

برائے ممتحن :　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) سراقہ کون تھا اور اس کے کیا مقاصد تھے؟

(ii) '' حمد '' اور '' نعت '' کسے کہتے ہیں؟ تعریف کریں۔

(یا)

استفہامیہ جملہ کسے کہتے ہیں؟ بطور مثال دو استفہامیہ جملے تحریر کریں۔

(iii) درج ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ و محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ مطلب واضح ہو جائے:

فیض ، انتظار کا عالم ، آگ بگولہ ہونا ، دل دہل جانا ، ٹوٹ پڑنا ، سفلہ مزاج

(iv) درج ذیل الفاظ سے صفت بنائیں:

فقیر ، شاہ ، شاعر ، مجاہد

(v) مجاہد میں کون کون سی خوبیاں ہوتی ہیں؟ (نظم '' مردِ مجاہد '' کے حوالے سے جواب دیں)

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ اس جنگ کے بعد سید صاحب کو دلی صدمہ ہوا، اس وجہ سے نہیں کہ شکست ہوئی کیوں کہ مردِ مجاہد شکست سے کبھی غمگین نہیں ہوتا۔ ان کو غم اس بات کا تھا کہ مُسلمانوں نے جو ان کے دینی بھائی تھے، ان کے ساتھ غداری کی اور اپنی عاقبت خراب کر کے اللہ کے غضب کے سزاوار ہو گئے۔

ب۔ وہ یہ کہہ رہے تھے اور آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ رہی تھی۔ اقبال حیران، نادم اور پریشان تھے۔ آخر معافی مانگی اور توبہ کی۔ ایسی ہی تعلیم پر عمل کر کے وہ نیک انسان بنے اور عزت پائی۔ ایسی عزت کہ دنیا کے بڑے درجے کے آدمی لاہور جاتے ہیں تو اقبالؒ کے مزار کی زیارت ضرور کرتے ہیں، پھول چڑھاتے ہیں اور مُسلمان ہوں تو فاتحہ اور درود پڑھ کر ان کی روح کو ثواب کا تحفہ بھیجتے ہیں۔

Result.pk

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
گر جیب میں زر نہیں تو راحت بھی نہیں
بازو میں سکت نہیں تو عزت بھی نہیں
گر علم نہیں تو زور و زر ہے بے کار
مذہب جو نہیں تو آدمیت بھی نہیں

ب۔
شمیمِ باغ نے سیکھا چلن اترا کے چلنے کا
زمانہ آ گیا پردے سے سبزے کے نکلنے کا
دُلہن کی شکل پر گُل نے لباسِ سُرخ پہنا ہے
شجر کے جسم پر کیا خوش نما پھولوں کا گہنا ہے

سوال نمبر۵: اپنے والد کے نام خط لکھیں جس میں انھیں حالیہ امتحانات میں اپنی تعلیمی تیاری سے آگاہ کریں۔ (9)

(یا)

دوست کے نام خط لکھیں جس میں اُس کے کسی عزیز کی موت پر تعزیت کریں۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچے میں دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: دو دوستوں کے مابین '' فیشن پرستی '' کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) ایران کا جاڑا (ii) حجِ اکبر

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) رحمت اللعالمین حضرت محمد ﷺ (ii) دُنیا میں کیسے کیسے آدمی ہیں

(iii) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر (iv) برسات کا موسم